زیر تبصرہ حصہ یعنی جزء اول پہلے پارے کی تفسیر پر مشتمل ہے حاشیہ پر حوالہ جات کے ساتھ ساتھ رقم حدیث بھی درج ہے' جس سے حدیث کی تلاش میں دشواری پیش نہیں آئے گی' عربی زبان پر عبور رکھنے والے حضرات بالخصوص طلبہ علوم دینیہ کیلئے اس کا مطالعہ از حد مفید ثابت ہوگا اور قرآنیات کے متعلق ان کیلئے ریسرچ و تحقیق کی نئی راہیں کھول دے گا۔

کتاب: مجموعہ صلوٰۃ وسلام　　　تالیف: مولانا حافظ لیاقت علی شاہ صاحب نقشبندی

ضخامت: ۴۲۴ صفحات　　　ملنے کا پتہ: مکتبہ غفوریہ نزد جامعہ اسلامیہ درویشیہ سندھی مسلم سوسائٹی' کراچی

حضور ﷺ پر صلوٰۃ و درود باعث خیر و برکت ذریعہ نجات دارین قابل اجر وثواب اور سبب شفاعت نبویؐ ہے اور کیوں نہ ہو' جب کہ ارشاد ربانی ہے کہ یاایھا الذین امنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیماً کتب صحاح اور دیگر کتابوں میں آپ ﷺ پر درود بھیجنے کے بارے میں بکثرت روایات موجود ہیں' علاوہ ازیں ہل جزاء الاحسان الا الاحسان کے مصداق آپؐ محسن کائنات ہیں اور بالخصوص عالم انسانیت کیلئے کہ آپؐ کے ذریعہ ایک مادی محض مخلوق کا تعلق مجرد اور لطیف ذات کے ساتھ پیدا ہوا' ورنہ چہ نسبت خاک را با عالم پاک اب اس احسان کا شکریہ اس طریقہ سے ادا کیا جاسکتا ہے کہ حضور ختمی مرتبت ﷺ پر بکثرت درود وسلام کا اہتمام کیا جائے کیونکہ ذکر حبیب کم نہیں وصل حبیب سے فضائل درود وسلام کے متعلق قدیماً وحدیثاً مختلف زبانوں میں مختصر وضخیم ہزاروں کی تعداد میں کتابیں (اور یہ سلسلہ اسی طرح تا قیامت انشاء اللہ جاری وساری رہے گا) لکھی جاچکی ہیں۔ اور امت اس سے مستفیض ہورہی ہے۔ اس سلسلے میں جلاء الافہام القول البدیع حضرت تھانویؒ کی زاد السعید شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ کی فضائل درود شریف مولانا صفدر صاحب کی درود شریف پڑھنے کا شرعی طریقہ مفتی عاشق الٰہی صاحب کی صلوٰۃ وسلام کافی معروف ہیں' دلائل الخیرات کے نام سے مولانا محمد بن سلیمان نے درود شریف کے مستند صیغہ جمع فرمائے۔ فارسی میں شیخ علامہ محمد ہاشم سندھی نے ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول کے نام سے رسالہ لکھا تھا جس کا اردو ترجمہ حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ کے قلم سے شائع ہوچکا ہے۔

مولف کتاب نے زیر تبصرہ کتاب میں اس بات کا التزام کیا۔ ہے کہ درود وسلام کے جتنے بھی مستند صیغے آئے ہیں آپ نے وہ صیغے کتب احادیث اور دیگر مستند کتابوں سے جمع کرنے کے ساتھ ساتھ ہر صیغے کا فرق وامتیاز اور اعراب بھی واضح کیا ہے تاکہ پڑھنے میں بھی آسانی ہو اور معنی میں بھی کوئی نقص پیدا نہ ہو۔

ایسے دور میں جبکہ خود ساختہ مدعیان حب الرسول نے اپنی طرف سے درود وسلام کے ایسے صیغے ایجاد کئے ہیں کہ جن کا اسلاف واخلاف کے ہاں کسی قسم کا ثبوت نہیں' اور نہ خیر القرون میں ان کا وجود تھا' یہ کتاب انتہائی اہم ہے کیونکہ اس میں ان تمام خرافات وبدعات اور موہم شرک کلمات سے پر صیغوں کی تردید آئی ہے۔ اس طرح مولف موصوف نے